11184-اللہ تعالی کے اسم "الوکیل" کا معنی۔

سوال

اللہ تعالی کے اسم "الوکیل" کا معنی کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

الوکیل : الحفیظ (حفاظت کرنے والا) اورالمحیط (احاطہ کرنے والا) کے معنی میں ہے ، اورالشھید کا معنی بھی کیا گيا ہے ۔

وہ اللہ عزوجل بندوں کی روزی کا بندوبست کرنے والااوراس کا ضامن اوران کی مصلحتوں کو مکمل کرنے والا ہے

اورحقیقت یہ ہے کہ جومعاملہ بھی اس کے سپرد ہے وہ اس میں مستقل ہے تواللہ تعالی کے لۓ ہی خلق اورامر ہے اللہ تعالی کے علاوہ کوئی کسی چيز کا مالک نہیں ، اوراس کا معنی الحافظ بھی کیا گيا ہے.جس کا معنی یہ ہے کہ وہ جوساری مخلوق کے معاملات کونپٹا تا ہے ۔

اوراس کا معنی "الکفیل " بھی کیا گیا ہے اورہماری روزی کا بہت ہی اچھا کفیل ہے ۔

اور بعض نے اسے "الکافی "کا معنی دیا ہے توبہت ہی اچھا کفایت کرنے والا ہے ۔

اللہ تبارک وتعالی کے فرمان کا ترجمہ کچھ اس طرح ہے :

.{اوروہ کہنے لگے ہمیں اللہ تعالی کافی ہے اوروہ بہت اچھا کارساز ہے}.آل عمران (173)

یعنی وہ اللہ تعالی ہمیں کافی ہے ، اوروہ بہت ہی اچھا مولی اورکارساز ہے ، کلام عرب میں الوکیل اسے کہتے ہیں جسے کوئی معاملے سپرد کردیا جائے کہ وہ اسے سرانجام دے ، تواس آيت میں مذکور مومنوں نے جب اپنے معاملے کواللہ تعالی کے سپرد کردیا اوراس پر یقین کرلیا تواللہ تعالی نے اسے پورا کرنے کا وصف اپنے آپ کودیا ، اورمومنوں کا اپنے اس معاملے کواللہ تعالی کے سپرد کرنے کووکالت سے تعبیر کیا توفرمایا ، نعم الوکیل ، کہ اللہ تعالی ان کے لۓ بہت اچھاوکیل ہے ۔

اورپھر اللہ تعالی کواپنا وکیل بنانے میں اللہ تعالی کی ربوبیت کوتسلیم کرنا اوراس کی عبادت بھی ہے ، اوراللہ تعالی کے لۓ ہی وکالت تامہ ہے اوروہ ہی ہے.جس پروہ وکیل ہے اس کا علم رکھتا اوراس کی تفاصیل کا احاطہ کیۓ ہوئے اوراس کی قدرت تامہ بھی اسی کے پاس ہے تاکہ اس معاملہ میں وہ کامل تصرف کرسکے ، اورجس پروہ اللہ تعالی وکیل ہے اس نے اس کی اپنی حکمت ومعرفت کے ساتھ ہرقسم کے تصرفات میں حفاظت فرمائی ہے تاکہ اس میں تصرف کیا جاسکے اوراس کی اس طریقے سے تدبیر کی جائے جواس کے لائق ہے ۔

اللہ تعالی اپنی تمام صفات میں ہرقسم کے نقص اورعیوب سے پاک اورمنزہ ہے ، اوروہ ہرچيز پر کارساز ہے ، تویہ اس پر دلالت کرتا ہے کہ اس کے علم نے ہرچيز کا احاطہ کیا ہوا ہے ، اور تدبیر کے اعتبار سے بھی وہ قدرت کامل رکھتا ہے اورپھر تدبیر کامل بھی اسی کی اورکمال حکمت بھی اسی کی ہے اوروہ بہت ہی اچھا کارساز ہے

.